**سرفراز احمد۔تاج پوشی**

پاکستان کا قیام تاریخ انسانی کا ایک عظیم واقعہ ہے، مسلمان ہند کی سالہا سال کی قربانیوں اور

# قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد

## کی بہترین خدمات پر کے ڈی اے کی جانب سے تاج پوشی

قائداعظم کی ولولہ انگیز اور بابصیرت قیادت کا ثمر تھا کہ انگریزوں کی سازشوں اور ہندوؤں کی ریشہ دوانیوں کے باوجود مسلمانان برصغیر نے چند سال کی محنت کے نتیجے میں کرہ ارض پر دنیا کا



سب سے بڑی اسلامی مملکت قائم کرنے کا معجزہ کر دکھایا۔ 71 واں جشن آزادی شہر بھر میں ادارہ ترقیات کراچی کی جانب سے کے ڈی اے کی اسکیموں، ٹاؤن شپس و مختلف مقامات پر جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں کے ڈی اے (سی بی اے) مزدور یونین کے زیر اہتمام C.O.D ہلز اسکول میں جشن آزادی کے حوالے سے ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ تقریب میں ڈی جی کے ڈی اے سمیع الدین صدیقی مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی جبکہ ڈی جی کے ڈی اے کی خصوصی دعوت پر پاکستان کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز کپتان سرفراز احمد نے تقریب میں شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام سے کیا گیا، جبکہ حمد و ثناء کے بعد ڈی جی کے ڈی اے سمیع الدین صدیقی اور سرفراز احمد کے بدست مبارک سے قومی پرچم کی کشائی کی گئی۔ کے ڈی اے اسکولز کے طلبہ و طالبات نے ملی نغموں اور ٹیبلو پر شاندار پرفارمنس پیش کی، تقریب کی نظامات کے فرائض کے ڈی اے مزدور یونین کے چیئرمین عبدالمتین شیخ نے انجام دیئے۔ کے ڈی اے (سی بی اے) مزدور یونین کی جانب سے مہمان خصوصی ڈی جی کے ڈی اے سمیع الدین صدیقی نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد کو ان کی بہترین خدمات کے عوض میں سونے کا تاج پہنایا جبکہ مختلف کے ڈی اے افسران میں شیلڈ تقسیم کی۔ اس موقع پر پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد نے ڈی جی کے ڈی اے کی ادارہ کے لئے مثبت کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سمیع الدین صدیقی کی سربراہی میں ادارہ ترقیات کراچی اپنی منزل کی طرف تیزی سے گامزن ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد نے اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم ایشیا کپ



میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔

ڈی جی کے ڈی اے سمیع الدین صدیقی نے مختصر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ شیر پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد کی تاج پوشی کا مقصد شہر میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو اجاگر کرنا ہے تا کہ نوجوان نسل متاثر ہو کر تعلیم اور کھیلوں کے لئے کاوشیں جاری رکھیں جبکہ ملک کی تعمیر و ترقی اور ادارہ ترقیات کراچی کو معاشی استحکام کی منزل پر پہنچانے کے لئے ضروری ہے کہ باہمی اتفاق اور یکجہتی کے ساتھ اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے جشن آزادی کے حوالے سے تقریب کے بہترین انتظامات پر کے ڈی اے (سی بی اے) مزدور یونین کی کاوشوں کو سراہا۔



ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی سمیع الدین صدیقی اور قومی کرکٹ ٹیم کپتان سرفراز احمد جشن آزادی کے سلسلے میں منعقدہ تقریب کے موقع پر پرچم کشائی کر رہے ہیں